SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE
For immediate release
September 24, 2016

سرمایہ کاری سے متعلق آگہی:

ایس ای سی پی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں نوجوانوں کے لئے ہفتہ سرمایہ کاری کا انعقاد

اسلام آباد، ۲۴ ستمبر: نوجوانوں میں سرمایہ کاری سے متعلق آگہی مہم کو آگے بڑھاتے ہوئے سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان سٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس) اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کے تعاون سے پی ایس ایکس میں نوجوانوں کے لئے ہفتہ سرمایہ کاری کا انعقاد کیا۔ اس سلسلے میں کراچی کی مختلف جامعات کے طلبہ کے لئے پاکستان سٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں بچت اور سرمایہ کاری پر براہ راست تھمیٹک تھیٹر ۲۱ ستمبر تا ۲۷ ستمبر منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس تھیٹر کا مقصد بصری پرفارمنگ آرٹ کے ذریعے نوجوانوں میں سرمایہ کاری سے متعلق سماجی تبدیلی اور آگہی پیدا کرنا ہے۔ ایس ای سی پی کی جانب سے ملک میں سرمایہ کاری اور عوامی بچتوں کو صرف کرنے کے بہتر مواقع سے آگہی پیدا کرنے کے لئے شروع کی گئی مہم میں نوجوانوں اور طلبہ میں بچت اور سرمایہ کاری اور بچتوں کا رجحان پیدا کرنے کے لئے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ نئی نسل میں سرمایہ کاری کا شعور پیدا کرنے کے لئے طالب علمی کے زمانے سے ہی ان کو تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔

ایس ای سی پی کی ڈائریکٹر انویسٹر ایجوکیشن، محترمہ خالدہ حبیب نے طلبہ کو ایس ای سی پی کے سرمایہ کاری آگہی پروگرام 'جمع پونجی' کے اہم پہلوؤں سے آگاہ کیا۔ اس دوران پاکستان اسٹاک ایکس چینج کے ایم ڈی جناب محترم ندیم نقوی نے شرکاء کو پاکستان سٹاک ایکسچینج کے ڈھانچے اور ملکی معیشت میں اس کے کردار اور اہمیت پر بریفنگ دی۔ طلبہ نے 'نوجوانوں کے لئے ہفتہ سرمایہ کاری' کے آغاز کی تعریف کی اور بچت اور سرمایہ کاری کے بارے میں ان کے علم اور مہارت میں بہتری لانے کے لئے ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیا۔ اس ہفتے کا بنیادی مقصد طلبہ میں بچت اور سرمایہ کاری ثقافت کو فروغ دینا ہے اور اپنی رقم کی سرمایہ کاری کرتے وقت ان کو غیر ہنگامی حالات، جعلسازیوں اور دھوکہ دہی سے بچنے کے لئے سیونگ کی اہمیت کے بارے میں آگہی دینا کرنا ہے۔ ایس ای سی پی سمجھتا ہے کہ تھیٹر کے ذریعے زیادہ بہتر طریقے سے سرمایہ کاری اور بچتوں کے بارے میں عوامی رائے میں مثبت تبدیل پیدا ہو گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254